## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے اہل خانہ سے الطاف حسین کی ملاقات

## الطاف حسین اور شہید کے سوگوار لواحقین ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر پھوٹ پھوٹ کر روتے رہے

## ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کا دکھ ساری زندگی بھلایا نہیں جاسکتا، الطاف حسین

## ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ہم بھی صبر کر رہے ہیں اور آپ بھی صبر کریں، والدین

## ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی

لندن۔۔۔5، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن میں جمعرات کی شام ایم کیو ایم کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے ان سے ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے والد فاروق احمد، والدہ محترمہ رئیسہ فاروق، اہلیہ شمائلہ عمران، بہنوں اور بہنوئیوں سے ملاقات کی اور ان سے اس سانحہ پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انتہائی رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ ملاقات کے دوران جناب الطاف حسین اور شہید کے سوگوار لواحقین صدمے سے نڈھال تھے اور شدت جذبات سے بے قابو ہو کر پھوٹ پھوٹ کر روتے رہے اور ایک دوسرے کو دلاسہ دیتے رہے۔ جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کا دکھ ساری زندگی بھلایا نہیں جاسکتا۔ ان کی شہادت تحریک کا ناقابل تلافی نقصان ہے اور اس المناک سانحہ پر مجھ سمیت تحریک کا ایک ایک فرد آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ شہید کے والد فاروق احمد اور والدہ رئیسہ فاروق نے جناب الطاف حسین کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ہم بھی صبر کر رہے ہیں اور آپ بھی صبر کریں۔ جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں کامل یقین ہے کہ ڈاکٹر عمران فاروق کے سفاک قاتل قانون کی گرفت سے محفوظ نہیں رہ سکیں گے اور بہت جلد کیفر کردار تک پہنچیں گے۔ بعد ازاں جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## کراچی ایئرپورٹ کے قریب نجی کمپنی کے چھوٹے طیارے میں ہلاکتوں پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## طیارے کے عملے سمیت جاں بحق ہونے والے تمام مسافروں کے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار

## حکومت نجی ہوائی کمپنیوں کے طیاروں کی پرواز سے قبل فنی اور دیگر خرابیاں دور کرنے کیلئے مثبت اقدامات کرے اور اس سلسلے میں سخت قوانین کا اطلاق کیا جائے تاکہ اس قسم کے سانحات پر قابو پایا جاسکے

لندن۔۔۔5، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی ایئرپورٹ کے قریب نجی کمپنی کے چھوٹے طیارے کے گر کر تباہ ہونے کے سانحہ میں طیارے کے عملے سمیت تمام مسافروں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ مہینوں کے دوران اسلام آباد کی مارگلہ کی پہاڑیوں میں ایک بڑا مسافر طیارہ گر کر تباہ ہو گیا تھا جس میں سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور اب کراچی میں ایک اور نجی کمپنی کے چھوٹے طیارے کے گرنے کا واقعہ بڑا سانحہ ہے اور اس میں عملے سمیت تمام مسافروں کی ہلاکتیں ہر دردمند دل رکھنے والے عوام کیلئے انتہائی صدمے اور دکھ کا باعث ہے۔ انہوں نے طیارے کے سانحہ میں جاں بحق ہونے والے مسافروں اور عملے کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ فضائی حادثے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی ایئرپورٹ کے قریب نجی کمپنی کے چھوٹے طیارے کے حادثے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں اور نجی ہوائی کمپنیوں کے طیاروں کی پرواز سے قبل فنی اور دیگر خرابیاں دور کرنے کیلئے فی الفور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور اس سلسلے میں سخت قوانین کا اطلاق کیا جائے تاکہ طیاروں کے حادثات اور انسانوں جانوں کے ضیاع سے بچا سکے۔

## ایم کیوایم کے کنو ینراورشہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت پاکستان روانگی کیلئے لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پہنچادی گئی

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ہینڈن اسلامک سینٹر کے سردخانہ سے شہید رہنما کی میت وصول کی اور میت کو پاکستان روانگی کیلئے پی آئی اے کارگو کے حوالے کیا

لندن۔۔۔5 نومبر 2010ء

ایم کیوایم کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت پاکستان روانگی کیلئے لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پہنچادی گئی۔آج صبح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد،محمدانور،رضاہارون انیس ایڈوکیٹ،واسع جلیل،مصطفےٰ عزیزآبادی،قاسم علی رضااور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے ویسٹ ہینڈن کے علاقے میں قائم ہینڈن اسلامک سینٹر کے سردخانہ سے شہید رہنما کی میت وصول کی۔اس موقع پر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی اہلیہ محترمہ شمائلہ عمران بھی موجود تھیں جنہوں نے آہوں اور سسکیوں کے ساتھ اپنے شوہر کی میت کو ایئرپورٹ روانہ کیا۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان شہید رہنما کی میت لیکر لندن ہیتھرو ایئرپورٹ پہنچے اور میت کو پاکستان روانگی کیلئے پی آئی اے کارگو کے حوالے کیا۔ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت آج لندن کے مقامی وقت کے مطابق رات 9 بجے پی آئی اے کی پرواز 788 کے ذریعہ براہ راست کراچی روانہ ہوگی۔

## ایم کیوایم کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا جسدخاکی جمعہ شب لندن کے مقامی وقت کے مطابق رات 9 بجے پی آئی اے کی پرواز 788 کے ذریعہ کراچی روانہ ہوگیا

## میت کے ساتھ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی بیوہ شمائلہ عمران،دونوں بچے،والدین،بہنیں،بہنوئی،رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستاراور رابطہ کمیٹی کے ارکان رضاہارون اور واسع جلیل بھی کراچی روانہ ہوئے ہیں

## رابطہ کمیٹی کے ارکان،ایم کیوایم یوکے کے عہدیداران،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور دیگر افراد نے ہیتھرو ایئرپورٹ پر رخصت کیا

## ہیتھرو ایئرپورٹ پر رقت آمیز مناظر۔ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی اہلیہ،والدین اور اہل خانہ اپنے شدت غم سے نڈھال تھے

## ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا نام،ان کی قربانیاں تحریک کی تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گی اور انہیں کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔رابطہ کمیٹی

لندن۔۔۔5 نومبر 2010ء

ایم کیوایم کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا جسدخاکی جمعہ شب لندن کے مقامی وقت کے مطابق رات 9 بجے پی آئی اے کی پرواز 788 کے ذریعہ کراچی روانہ کردیا گیا۔میت کے ساتھ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی بیوہ شمائلہ عمران،دونوں بچے،والدین،بہنیں،بہنوئی،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستاراور رابطہ کمیٹی کے ارکان رضاہارون اور واسع جلیل بھی کراچی روانہ ہوئے ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق جاوید،سلیم شہزاد،محمدانور،سیدطارق میر،انیس ایڈوکیٹ،مصطفےٰ عزیزآبادی،قاسم علی رضا،ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش،جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد،یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور دیگر افراد نے انہیں لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر رخصت کیا۔اس موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی اہلیہ،والدین اور اہل خانہ اپنے شدت غم سے نڈھال تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان اور کارکنوں نے انہیں تسلی دی اور رنج وغم کی کیفیت میں انہیں رخصت کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا نام،ان کی قربانیاں تحریک کی تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گی اور انہیں کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت تحریک کا ایسا نقصان ہے جس کی تلافی ممکن نہیں۔ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت ہفتہ کو پاکستان کے مقامی وقت کے مطابق صبح ساڑھے 9 بجے کراچی پہنچے گی۔

### ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو کل بروز ہفتہ کراچی میں شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا
### ایئرپورٹ سے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو لایا جائے گا،
### نماز جنازہ بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی جائے گی
### شہید انقلاب کو یاسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائیگا جہاں ایم کیوایم کے سینکڑوں شہید کارکنان مدفون ہیں
### ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے جنازے میں شرکت کیلئے مختلف شہروں سے ایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران کراچی پہنچنا شروع ہوگئے
### ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان اپنے شہید کنوینر کی آخری رسومات کے انتظامات کو حتمی شکل دینے میں مصروف ہیں

کراچی۔۔۔5نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو کل بروز ہفتہ کراچی کے علاقے یاسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا جسد خاکی پی آئی اے کی پرواز 788 کے ذریعے ہفتہ کو صبح 9 بجکر 30 منٹ پر لندن سے کراچی پہنچے گا۔ میت کے ساتھ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی بیوہ شمائلہ عمران، دونوں بچے، والدین، بہنیں، بہنوئی، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور واسع جلیل بھی لندن سے کراچی پہنچیں گے۔ کراچی کے قائداعظم انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے دیگر اہل خانہ، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور دیگر ذمہ داران میت وصول کریں گے۔ ایئرپورٹ سے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کو عزیز آباد میں ایم کیوایم کے مرکز اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو لایا جائے گا۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی جائے گی جہاں تحریک کے شہیدوں کی یادگار قائم ہے۔ نماز جنازہ کے بعد شہید انقلاب کو عزیز آباد کے قریب واقع علاقے یاسین آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ اس شہداء قبرستان میں ایم کیوایم کے سینکڑوں شہید کارکنان مدفون ہیں۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے جنازے میں شرکت کیلئے پاکستان کے چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر کے مختلف شہروں سے ایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران کراچی پہنچنا شروع ہوگئے ہیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، منتخب نمائندے اور تمام تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان اپنے شہید کنوینر کی آخری رسومات کے انتظامات کو حتمی شکل دینے میں مصروف ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے شہید کے جنازے میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

### درہ آدم خیل کی مسجد میں خودکش دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت
### متعدد نمازیوں کی شہادت اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔5،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے درہ آدم خیل کی مسجد میں خودکش دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش دھماکے میں متعدد نمازیوں کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک بھر میں مساجد اور مزارات کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے سفاک دہشت گردوں کا دین اسلام سے قطعی کوئی تعلق نہیں اور ایسے درندہ صفت دہشت گرد خودکش دھماکوں اور اپنی مذموم کارروائیوں کے ذریعے ملک وقوم کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کلمہ گو مسلمانوں کو مساجد اور مزارات اور دیگر مقامات پر خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے خاک وخون میں نہلایا جارہا ہے اور ملک میں اس طرح کی دہشت گردی کرنے والے سفاک دہشت گرد کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ درہ آدم خیل کی مسجد میں خودکش دھماکے اور متعدد نمازیوں کی شہادت اور زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردی کے عفریت کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور عوامی جان ومال کا تحفظ ہر صورت میں یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے خودکش دھماکے میں شہید ہونے والے نمازیوں کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## دہشت گرد ملک وقوم کی سالمیت کونقصان پہنچانے کے درپے ہیں،الطاف حسین

## درہ آدم خیل کی مسجد میں خودکش بم دھماکہ کے بعد پشاور کی بڈھ بیر کی مسجد میں دستی بموں سے حملوں پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔5،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے بڈھ بیر کی مسجد میں دستی بموں سے حملوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ ایک ہی دن میں درہ آدم خیل کی مسجد میں خودکش دھماکہ کرکے سینکڑوں نمازیوں کو خاک وخون میں نہلانے کے بعد بڈھ بیر کی مسجد میں نماز پڑھتے ہوئے نمازیوں کو دستی بموں کے حملے کرکے شہید اورزخمی کرنے والے دہشت گرد ملک وقوم کی سالمیت کونقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردوں نے اپنی سفاکیت اور درندگی کا مظاہرہ کرنے کیلئے مساجد اور مزارات کو ہدف بنایا ہوا ہے اور ایک ہی دن میں دو مساجد میں بم دھماکے کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مساجد اور مزارات میں بم دھماکے کرنے والے سفاک دہشت گرد بزدل ہیں اور مسلک وعقائد کی بنیاد پر ملک بھر کے عوام میں ایک دوسرے کے خلاف نفرتیں پیدا کرکے اپنے مذموم عزائم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ مساجد اور مزارات پر خودکش حملوں اور دہشت گردی کی کارروائیوں پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور پرامن رہ کر دہشت گردوں کے عزائم خاک میں ملا دیں۔انہوں دستی بموں کے حملوں میں شہید ہونے والے نمازیوں کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پشاور کے علاقے بڈھ بیر کی مسجد میں دستی بموں کے حملے کے نتیجے میں متعدد نمازیوں کی شہادت اورزخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور مساجد میں بم دھماکوں کے ذریعے نمازیوں کو خاک وخون میں نہلانے والے درندہ صفت دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی نماز جنازہ اور تدفین کیلئے بڑے پیمانے پر انتظامات مکمل کر لئے گئے

کراچی۔۔۔5،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کنونیر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی ہفتے کے روز نماز جنازہ اور تدفین کیلئے بڑے پیمانے پر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں اس سلسلے میں ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی ،مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران کے علاوہ سینکڑوں کی تعداد میں کارکنان گزشتہ دوروز سے مسلسل مصروف عمل ہیں۔ شہید کی نماز جنازہ پروگرام کے مطابق عزیز آباد کے جناح گرؤانڈ میں بعد نماز ظہر ادا کی جائے گی اور تدفین یاسین آباد کے شہدا قبرستان میں ہوگی ۔نماز جنازہ اور تدفین میں لاکھوں کی تعداد میں سوگوار شریک ہوں گے۔ جناح گرؤانڈ میں نماز جنازہ کے شرکاء کیلئے خصوصی نتظامات بھی کر لئے گئے ہیں۔شرکاء نماز جنازہ کی آمد اور جنازہ جلوس کی گزرگاہوں کی صفائی ستھرائی ،ٹریفک کنڑول اور شرکاء کی رہنمائی کرنے کیلئے بھی انتظامات مکمل ہیں ان کے داخلی راستوں کا تعین بھی کر لیا گیا ہے اور اس موقع پر سیکورٹی کو یقینی بنانے کیلئے بھی ضروری اقدامات مکمل ہیں اس سلسلے میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنان بھی مقامی انتظامیہ سے تعاون اور ان کی مدد ومعاونت کریں گے۔ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے آخری دیدار کیلئے خواتین کیلئے علیحدہ انتظام کیا گیا ہے ادھر میڈیا کو باسہولت کوریج کیلئے خصوصی کارڈ بھی جاری کردیئے گئے ہیں۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم کے سلسلے میں اتوار کو لندن میں قرآن خوانی کا اجتماع ہوگا

لندن۔۔۔5 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سوئم کے سلسلے میں مورخہ 7 نومبر بروز اتوار کو ایم کیوایم کے زیر اہتمام لندن میں قرآن خوانی کا اجتماع ہوگا ۔قرآن خوانی کا یہ اجتماع لندن کے نواحی علاقے ایجویئر میں قائم ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے بالمقابل واقع وی آئی پی لاؤنج 47 High Street Edgware HA8 7DD میں لندن کے مقامی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے منعقد ہوگی۔

## وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کا جناح گراؤنڈ عزیز آباد کا ہیلی کاپٹرز کے ذریعے ہنگامی دورہ

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی نماز جنازہ اور تدفین کے انتظامات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں

کراچی۔۔۔5نومبر 2010ء

وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک نے جمعہ کی دوپہر ہیلی کاپٹر کے ذریعے جناح گراؤنڈ عزیز آباد کا دورہ کیا اور یہاں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی نماز جنازہ اور تدفین کے لئے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ جناح گراؤنڈ آمد پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد، اشفاق منگی، افتخار اکبر رندھاوا، گلفر از خان خٹک اور حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک کو سیکورٹی کے انتظامات سے آگاہ کیا اس موقع پر رحمان ملک نے رابطہ کمیٹی کے ہمراہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد کا دورہ کر کے سیکورٹی کے انتظامات کا بغور جائزہ لیا۔ رحمان ملک نے متعلقہ حکام کو جناح گراؤنڈ اور اس کے اطراف کی سیکورٹی سخت ترین کرنے کی ہدایت بھی دیں۔ بعدازاں وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں قائم کی گئی حق پرست شہداء کی یادگار پر حاضری دی اور شہداء کے بلند درجات اور ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆